شفیع صاحب، علامہ ادریس کاندھلوی، علامہ بنوری، علامہ شبیر احمد عثمانی، علامہ عثمانی، شیخ زکریا، قاری طیب صاحب، حضرت مدنی، علامہ کشمیری، عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا منظور نعمانی وغیرہ رحمہم اللہ تعالیٰ جیسے اساطین علم وفضل امت کو عطا کئے اور کرتے چلے جارہے ہیں۔ ان ہی کے بارے میں علامہ اقبال نے کہا تھا کہ

> نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو
> ید بیضا لیے پھرتے ہیں اپنی آستینوں میں

ڈاکٹرز اور سائنس داں کا مطالبہ علی گڑھ اور جامعہ ملیہ سے کرو، جو اسی مقصد پر قائم کئے گئے تھے، کہ ہم امت کو انجینئرز، ڈاکٹرز اور سائنس داں دیں گے، اگر ان مدارس سے بے جا مطالبات کرنے والوں کو شکایت ہی ہے۔

مدارس نے امت کو کیا دیا

مدارس کیسے چلتے ہیں اور انہیں کیسے چلایا جاتا ہے، اسے تو اللہ ہی خوب جانتے ہیں، کتنی قربانیوں اور کیسے کیسے طعنوں اور دربدر کی ٹھوکروں کے نتیجہ میں یہ اپنی خدمات میں مصروف ہیں، وہ کوئی پوشیدہ نہیں، سبھی جانتے ہیں، ایک طرف اعداء اسلام ان کو "بنیاد پرست"، رجعت پسند"، "دہشت گرد"، "قدامت پسند" کا طعنہ دیتے ہیں اور دوسری جانب روشن خیال مسلمان جو مدارس کے قدر دان دوست ہیں، وہ اپنی خطاؤں سے مدارس کو مورد الزام ٹھہرا دیتے ہیں، انجینئرز اور ڈاکٹرز اور سائنس داں پیدا کرنے کا بیڑا اہم اہلِ مدارس نے کب ہی کہاں ہے؟ یہ بات الگ ہے کہ دینی مدارس اب نونہالان امت کے ایمان کو بچانے کے لئے دینی ماحول میں عصری تعلیم کی طرف بھی توجہ دے رہے ہیں، اس پر بھی امت کا ایک طبقہ ان کو نشانہ بنائے ہوئے ہے۔ عجیب صورت حال، امت کو ہر جانب سے مدارس ہی کو نشانہ بنانے کی سوجھتی ہے، مدارس الحمدللہ اللہ کی توفیق اور مدد سے اپنی خدمت میں بلا کسی لومۃ لائم کی پرواہ کئے مصروف کار ہیں، اللہ ہمارے ان مدارس کو ہر طرح کی داخلی وخارجی، ظاہری باطنی سازشوں اور فتنوں سے محفوظ رکھے۔ آمین یارب العالمین

مدارس نے امت کو یہ دیا

لاکھوں ناداراافراد کو تعلیم سے بہرہ ور کیا۔

- معاشرے میں بنیادی تعلیم اور خواندگی میں معقول اضافہ کیا۔
- قرآن وسنت کی تعلیم اور دینی علوم کی اشاعت وفروغ میں کلیدی کردار ادا کیا۔
- عام مسلمانوں کو دینی رہنمائی اور مذہبی تعلیم کے لیے رجال کار فراہم کئے۔
- عام مسلمانوں کے عقائد وعبادات واخلاق اور مذہبی کردار کو تحفظ فراہم کیا۔
- اسلام کے خاندانی نظام اور کلچر اور ثقافت کی حفاظت کی۔
- اسلامی عقائد اور احکامات کی اشاعت کی اور اس پر ہونے والے اعتراضات و شبہات کا جواب دیا۔
- اسلام کی بنیادی تعلیمات عقائد اور احکام کی ہر طرح کی بغاوت اور تحریف سے حفاظت کی اور راسخ العقیدگی کو تحفظ دیا۔
- مادہ پرستی، اور خود غرضی کے دور میں قناعت اور ایثار وسادگی کو مسلمانوں کے ایک طبقہ میں باقی رکھا۔
- وحی الٰہی اور آسمانی تعلیمات کو عملی نمونے کے طور پر باقی رکھا۔

مذکورہ چیزیں امت کو دی ہیں، دے رہے ہیں اور انشاء اللہ دیتے رہیں گے۔ اس طرح ان مدارس نے صرف مسلمانوں ہی پر نہیں بلکہ پوری نسل انسانی کو آسمانی حقیقی سرچشمہ تک رسائی میں مدد دی کردار ادا کر کے، پوری انسانیت کی جانب سے فرض کفایہ ادا کیا، لہٰذا ساری انسانیت کو ان مدارس کا ممنون ومشکور ہونا چاہیے۔

☆ ☆ ☆

اِس سے پہلے میں تمہارے درمیان ا□ □ □ار چکا ہوں کا نبوی ﷺ چیلنج

ا□ ڈاکٹر ا□ ا □ فاروقی

اللہ رب العالمین نے اپنے رسول □□ۃ للعالمین حضرت محمد □ کے ذریعہ بنی نوع انسانی کے لیے اپنی ہدا□ ورہنمائی ہمیشہ کے لیے ارسال کردی۔ اور یہ □ جا□ علمی، عقلی اور کردار ہر لحاظ سے مکمل ہے۔ جس طرح انسانی ز□گی کے انفرادی اور اجتماعی ہزاروں پہلو ہیں اسی طرح ہزاروں پہلوؤں سے حضور اکرم □ کی رہنمائی بھی موجود ہے۔ اور کوئی بھی پہلو تشنہ □ چھوڑا گیا۔ اور حضور اکرم □ کا □ سے □ا اعجاز یہ ہے کہ اپنی تمام تعلیمات □ □ سے □ھ کر □ سے پہلے آپ خود عمل کرتے تھے۔ قرآن □ک میں اللہ تعالیٰ نے خود اس پہلو کو اجا□ کیا ہے۔ ''تم اِن سے صاف کہہ دو کہ میرا ارا □ تو یہ ہے کہ میں اللہ کی طرف بلا□ ہوں میں خود بھی □ری روشنی میں اپنا را □ دیکھ ر□ ہوں اور میرے ساتھی بھی، اللہ□ک ہے اور شرک کرنے والوں سے میرا کوئی واسطہ □'' سورہ □سف آ□ □□□۔ حضور اکرم □ کی ز□گی اور کردار کو اللہ □ک نے ا□ □عیب اور مکمل بنا□ اور محفوظ فر□ کہ کردار اور سیرت مصطفیٰ □ کو تمام د□ کے سامنے ا□ چیلنج کے طور □ کر د□۔ اور قرآن □ک نے اس چیلنج کو رہتی د□ □ اِن الفاظ میں تمام □ □حق کے لیے عام کر د□ ''کہو اَ□ اللہ کی □ یہی ہوتی تو میں یہ قرآن تمہیں کبھی □سنا□ اور اللہ تمہیں اُس کی خبر □ □ دیتا۔ آ□ اِس سے پہلے میں تمہارے درمیان ا□ □ □ار چکا ہوں۔ کیا تم عقل سے کام □ لیتے؟ پھر اس سے □ا ظالم اور کون ہوگا جو ا□ جھوٹی □ت گھڑ کر اللہ کی طرف منسوب کرے؟ سورہ □نس آ□ □□□۔ خط کشیدہ جملہ میں جو چیلنج د□ گیا ہے وہ آپ کے علمی چیلنج کا ا□ طرح کا تکملہ ہے۔ ا□ طرف تو □ یہ چیلنج اللہ تعالیٰ نے تمام □ □حق کو د□ ہے ''کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ □ □ نے اسے خود □ کر□ ہے۔ کہو اَ□ تم اپنے اِس اِلزام میں سچے ہو تو ا□

سورۃ اس جیسی کرلاؤ اور ا ا کو چھوڑ کر جس جس کو بلا سکتے ہو مدد کے لیے بلالو‘ نس آ ۔ ا طرف قرآن کا چیلنج اور دوسری طرف صا قرآن کا عمل اور کردار کا چیلنج اور دلیل ان دونوں کے آگے ے سے ا‘‘ ‘‘ لف سر تسلیم خم کرنے رہو گیا۔

اچھی اچھی اخلاقیات کی کر، اونچی اونچی ڈ نکنا ممکن قسم کی خوبصورت بنا یہ اخلاقیات، د ، روحا سا کے م کر بہت آسان ہے۔ اور یہ ریخ میں ہو ہا ہے۔ ی خوبصورت اخلاقی کرنے والے مصلحین، روحا سا کے م د مبلغین کی ذاتی ز گیاں عموماً عمل اور کردار سے خالی بلکہ اس کی ضد ہوتی ہیں۔ کسی بھی انسان کے قول اس کی دعوت سے ز دہ مو دلیل اس کا اپنا عمل اور کردار ہو ہے۔ اور اس کے بعد اس کے قری لوگوں کی گواہی اس کے کے ات قطعی اور فیصلہ کن ہوتے ہیں۔ اس معیار انسانی ریخ میں سے ز دہ جو ری ا تی ہے وہ آنحضرت کی ہے۔ آپ کی نبوت سے قبل کی ز گی بھی اس حقیقت گواہ ہے۔ خارق عادات چمتکار، سعید اور مسحور کن کر د ا آسان ہو ہے بلند اخلاقی تعلیمات خود عمل کر سے مشکل ہو ہے۔ اسی لیے مذکورہ لا یات میں آپ نے دونوں کسوٹیوں عمل کا ثبوت کیا۔ پہلا یہ کہ اپنی دعوت سے ھ کر یقین رکھنے والا میں خود ہوں۔ دوسرے مقام فرما کہ میں پہلے خود مسلم ہوں۔ دوسری آ میں عمل اور کردار کے لحاظ سے ثبوت ا گیا کہ اپنی ماقبل کی چا سا ز گی میں نے تمہارے درمیان ہی اری ہے کیا میں نے کبھی جھوٹ لا؟ کبھی قصہ کہانی سنائے، اقتدار کی خواہش کی؟

ریخ کے ذریعہ یہ ت بھی ہے کہ حق کفار ومشرکین مکہ نے اِن دونوں ں کا جواب دینے کی بھر ر کوشش کی۔ اجتماعی طور نظم کر کے اہل ادب کو مکمل ئی کے ساتھ قرآن کی ای آ جیسی آ لانے کی کوشش کی گئی۔ حضور کو نعوذ للہ ان، جادو، گھر والوں کو آ میں لڑانے والا، انے رسم ورواج سے گشتہ کرنے والا، سماجی نے نے کو نے والا، شاعر، کاہن اور جانے کیا کیا کہا گیا۔ خود ہی اِن الزامات مطمئن بھی ہوتے تھے۔ جادو، جھوٹے سحر زدہ تھے تو اپنے جھگڑوں میں ان کو فیصلہ کرنے والا کیوں بناتے تھے؟ ان کو صادق اور امین کیوں کہتے تھے؟ اُن کے س اپنی قیمتی امانتیں کیوں جمع کراتے تھے؟ ہجرت کے وقت حضرت علیؓ کو صرف اسی مقصد سے خطرہ مول لے کر اپنے بستر سلا گیا تھا کہ اما داروں کی امانتیں وا کردی جائیں۔

Sir William Myur سرولیم میور جوحضور کے صف اوّل کے میں سے ہے نے اپنی کتاب ''لائف آف محمد'' میں رہوکرلکھاہے ''ہماری تمام تصنیفات محمدؐ کے چال چلن کی عصمت اوران کے اطوار کی کیزگی میں جواہل مکہ میں کمیاب تھیں ہیں۔اورولیم میور جیسے لف کوبھی یہ لکھنے اس لیے رہ ا کیونکہ حضرت محمدؐ کے وقت کے بھی طور آپ کوئی الزام لگاسکے تھے۔توکردارکشی کی دوسری ڈ ا رکی کہ اِن کے ساتھ فرشتہ کیوں چلتے، ان کے س غات ہے، یہ ہمارے او عذاب کیوں لے آتے، آسمان سے کوئی ٹکڑا کیوں ادیتے و ہ و ہ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِن تمام بیہودہ مطالبوں کا ا ہی جواب دلو کہ ''میں توصرف ڈرانے والا اور پہنچانے والا بناکر گیا ہوں میں کوئی تمہارے او داروغہ بناکر گیا ہوں اور عذاب لا ُردوں سے ت کر ، ُردوں کوز ہ کرکے د میری ذ داری ہے۔میں توصرف کہتا ہوں کہ پہاڑی کے خطبہ صفا پہاڑسے پہلا دعوتی خطبہ میں آپ نے فرما ''تم میری کیارائے رکھتے ہو؟ مجھے سچا سمجھتے ہو جھوٹا سمجھتے ہو؟، نے ا ن ان ہوکر جواب د ''ہم نے تمہارے سے کبھی کوئی جھوٹی بیہودہ ت سنی ہم جانتے ہیں کہ تم سچے اورامین ہو'' یہ توتھی کی جا دارگواہی جس میں تعصّب کود تھا۔وہ حضور کی چا سا ز گی کے ؤاور کردار کے نتیجہ میں آپؐ کو کچھ جانتے تھے وہ ا ں نے بتاد ۔ جیسے ہی آپ نے اگلے جملہ میں دعوت د کرتے ہوئے کہا ''میں یہ کہتا ہوں کہ ا ا ہے اس کا کوئی شر ،موت حق ہے اور نے کے بعداسی کے سامنے حاضر ہ ہے۔ا ان توں ایمان لاؤگے تو ح ؤگے اور د وآ ت میں سر و ہوگے ور تم بہت ا عذاب زل ہوگا۔'' یہ دعوت سننے کے بعد ا لمحہ پہلے صادق امین بتانے والے کہنے لگے ''کیا ہمیں اسی لیے بل تھا؟ بیکار ہماراوقت دکیا''۔

دوسری طرف ا اور زاویہ سے حضور کے کردار کو جانچیں کہ انسان کے رے میں سے ز دہ اس کے قر لوگ جانتے ہیں خاص طور سے وہ لوگ جومشکل اور آزمائش کے حالات میں اس کے ساتھ رہے ہوں۔کیونکہ رمل حالات میں توآدمی اپنی اصلیت دہ ڈال سکتا ہے اور رسا،خوش مزاج اورملنسار بنارہ سکتا ہے کشمکش،آزمائش اور نی اس کے او اورا رکا سارا ملمع اور میک اپ ومکاری ا ردیتی ہے۔ا میں آدمی وہی نظرآ ہے جوا رہ ہے۔ا میں ولِ اوّل وحی کے بعد حضور کا گھرآکر اپنی اہلیہ محتر ام المومنین حضرت

سے بھی حیرانگی اور پریشانی کے عالم میں ملاقاتِ جبرئیل کا واقعہ سنا کر مجھے ڈھارس دی مجھے ڈھارس دی اور فرمایا اور اس کے جواب میں حضور کی سب سے قریبی اور رازدار کی سچی گواہی دینا "آپ رنج نہ فرمائیں آپ مہمان نواز ہیں اقربا کی مدد کرتے ہیں بیواؤں، یتیموں اور بے کسوں کی دستگیری کرتے ہیں سچ بولتے ہیں اللہ آپ کا ساتھ نہ چھوڑے گا" اس چیلنج کی سب سے بڑی دلیل ہے "میں تمہارے درمیان ایک عمر گزار چکا ہوں"؟

کردارِ نبویؐ کے اس چیلنج کا ایک دوسرا رخ قرآن میں اس طرح بیان کیا گیا ہے "اے نبی ان سے کہو میں تمہیں بس ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں اللہ کے لیے تم اکیلے اکیلے اور دو دو مل کر اپنا دماغ لڑاؤ اور سوچو تمہارے صاحب میں کون سی بات ہے جو جنون کی ہو وہ تو ایک سخت عذاب کی آمد سے پہلے تم کو متنبہ کرنے والا ہے۔ ان سے کہو اگر میں نے تم سے کوئی اجر مانگا ہے تو وہ تم ہی کو مبارک ہو۔ میرا اجر تو اللہ کے ذمہ ہے اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔ النساء آیت ۔

انبیاء کرام کی یہ سنت اور مستقل کردار رہا ہے کہ انہوں نے ہمیشہ اپنی دعوت کے بدلے میں کوئی اجر انسانوں سے طلب نہیں کیا۔ "ہم تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے ہمارا اجر تو اللہ کے پاس ہے" یہ ہر نبی کے کلام کا مقطع ہوتا تھا۔ حضور نے اپنے ذاتی اور اقربا کے مفاد کے لیے کوئی کوشش اور منصوبہ بندی نہیں کی۔ اپنی زندگی میں بھی اپنے شان وشوکت، خدم وحشم، ہٹو بچو، مصنوعی تکلّفات اور آداب کی زندگی نہیں گزاری۔ زندگی گزارنے کا جو معیار حالت تنگدستی اور مغلوبیت میں تھا وہی معیار دس لاکھ مربع میل کے بلا شرکت غیرے حاکم بننے کے بعد بھی تھا۔ اپنے لیے خصوصی مراعات کا کیا ذکر زکوٰۃ جیسی امدادی مد سے اپنی آل کا حصہ ہی منع فرمادیا۔ اپنے پیچھے کوئی جائداد اور ترکہ نہیں چھوڑا۔ جو تھا بھی وہ بھی وفات سے ایک روز قبل تقسیم کردیا۔ حضور کے کردار کے اس پہلو کی آج تقلید کی جائے تو دنیا سے ناانصافی، رشوت خوری، جرائم، بے روزگاری بالکل ختم ہوجائے۔ جب حکمراں دائیں بائیں سوئے اس کے آگے پیچھے بلیک کیٹ کمانڈو Black cat Commando نہ ہوں، محلوں کے ہر کئی پرتوں والا حفاظتی انتظام نہ ہو، ہر فرد حاکم سے براہ راست مل سکتا ہو اور فوری انصاف حاصل کرسکتا ہو تو ناانصافی کیوں ہوگی؟ رشوت خوری کیسے ہوگی؟ لوٹ کیسے ہوگی؟ سیرتِ نبوی کے اس پہلو پر چند گواہیاں اس طرح ہیں:

۱- **ٹامس کارلائل** Thamas Carlyle نے لکھا ہے کہ "آپ کا گھر نہایت معمولی اور کمتر لوگوں کے طرز کا تھا اور آپ کی عام غذا، جو کی روٹی اور پانی، اکثر آپ کے چولھے میں مہینوں

آگ روشن ہوتی تھی۔ کسی طرہ دارشہنشاہ کی اتنی اطاعت نہ ہوئی جتنی کہ اِس شخص کی اُس کے اپنے ہاتھ کی سی ہوئی عبا میں ہوئی تھی۔

۲- **ایڈورڈ گبن** Edward Gibbon اپنی دنیوی طاقت کے عروج میں بھی محمدؐ کی شرافت نفس نے شاہانہ ٹھاٹ واحتشام روا نہ رکھا۔ دنیا چھوڑے ہوئے مجاہدوں سے نفرت کرتے ہوئے آپ بلابناوٹ اور بلاتکلف ایک عرب اور ایک سپاہی کی طرح سادہ غذا استعمال فرماتے تھے۔

۳- **پروفیسر سیڈیو** ''آپ خندہ رُو، ملنسار اکثر خاموش رہنے والے بکثرت ذکر خدا کرنے والے لغو اور بیہودہ باتوں سے نفرت کرنے والے بہترین رائے رکھنے والے تھے۔ آپ نیک منصف مزاج تھے غریبوں میں رہ کر خوش ہوتے تھے، تنگدستوں کو ان کی تنگدستی کی وجہ سے نہ تو حقیر جانتے تھے اور نہ بادشاہوں کو ان کی بادشاہی کی بنا پر بڑا سمجھتے تھے''۔

۴- **واشنگٹن ارون** Washington Irvin ''اپنے انتہائی قوت واقتدار کے دور میں بھی آپ نے وضع قطع اور اخلاق وعادات میں وہی سادگی قائم رکھی جو پریشانی اور ناداری کے زمانہ میں آپ کا وصف رہی تھی۔ شاہانہ کروفر تو بڑی بات ہے۔ اگر کسی مجلس میں آپ کے ساتھ کچھ خصوصیت کا برتاؤ کیا جاتا تو وہ بھی آپ کو بہت ناگوار ہوتا تھا''۔

ہمارے پیارے رسول ﷺ کی پوری سیرت کو پڑھ جایئے آپ کو کہیں یہ بات نظر نہ آئے گی کہ آپ نے اپنے لیے کسی چیز کا ذخیرہ کیا ہو۔ آپ نے اپنے لیے کیا چاہا؟ آپ نے ساری دوڑ دھوپ انسانیت کی فلاح کے لیے۔ انسانوں کی تعلیم وتربیت، تزکیہ کے لیے کی۔ آپؐ بڑے پیار ومحبت سے کہتے کہ میری حیثیت ایسی ہی ہے جیسے کسی باپ کی اپنے بچہ کے سامنے ہوتی ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے دنیا سے کیا لیا؟ آپ دنیا سے چلے گئے اس حال میں کہ آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس رہن رکھی ہوئی تھی۔ کون ایسا ہوگا جو دوسروں کی بھلائی کے لیے سانپ کاٹے ہوئے بچہ کی طرح بلکے اور دوسروں کی بھلائی کے لیے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ یہاں تک کہ اللہ رب العالمین خود دلاسہ دیں کہ ''کیا آپ اپنے آپ کو ہلاک کرلیں گے اگر لوگ ایمان نہ لائے تو''۔ آج دنیا میں ہر طرف اس محسن انسانیت کی بادشاہی میں فقیری کرنے والے، رحیق ورحیم، رحمت عالم کے نام اور کام کو داغدار کرنے کی کوششیں اور سازش کرنے والے کیا اس کے ہزارویں حصہ کی بھی برابری کو کرسکتے ہیں۔ درود وسلام ہو پیارے رسول ﷺ پر رحمتیں وبرکتیں نازل ہوں آپ کی روحِ مبارک پر۔ آمین

قسط اوّل

وسی کے حقوق

از محمد عظیم آ دی

انسان کا اپنے والد ، اپنی اولاد اور قریبی رشتہ داروں کے علاوہ سے زدہ واسطہ و تعلق بلکہ ہروقت بھینٹ قات، لین د کا سابقہ ہمساں اور وسیوں سے بھی ہو ہے اور اس کی خوشگواری خوشگواری کا ز گی کے چین وسکون اور اخلاق کے ا ح وفساد اور بناؤ بگاڑ بہت گہرا ہے۔

انسان اور اس کے تمدن کی بنیاد ہمی اشتراک آ تعاون قائم ہے اس د کا ہر انسان ا دوسرے کی مدد کا محتاج اور ا دوسرے کی نصرت وحما اس کی ز گی کا انحصار ہے اَ اک بھوکا ہے تو دوسرے کا حق ہے کہ اپنے نے میں اسے بھی شری کرے اَ ا بیمار ہے تو دوسرا اس کی عیادت و تیمارداری کرے اَ ا کسی آفت ومصیبت کا شکار ہو اور کسی رنج وغم میں ر ہو تو دوسرا اس کا شری وسہیم بنے اور اس کے رنج وغم کا مداوا کرے اور اس اخلاقی نظام کے ساتھ حضرت انسان کی ساری آ دی ہمی اخوت ومحبت اور حقوق کی ذ دار اں کے اٹوٹ بندھن میں بندھ کر اتحاد و یکجہتی کا اور "یُؤْثِرُونَ علی اَنْفُسِھِم وَلَو کَانَ بِھِمْ خَصَاصَہ" کا حقیقی مصداق جائیں۔

ہر انسان بظاہر جسمانی روحانی حیثیت سے ا دوسرے سے جتنا علاحدہ ہے اخلاقی و روحانی حیثیت سے ضروری ہے کہ وہ اتنا ہی زدہ ا دوسرے سے ہو، ا کا وجود دوسرے کے وجود سے اتنا ہی پیو ہو۔ نبی کر نے اپنی تعلیمات وہدیات میں ہمسا اور وس کے اس تعلق کو ی عظمت بخشی ہے اور اس کے احترام ورعا کی ی کید فرمائی ہے کہ اس کو وایمان اور د لہ جنت کی شرط اور اللہ اور اس کے رسول کی محبت کا معیار قرار دیا ہے۔

حبیب کبری نے ارشاد فرمایا "مَازَالَ جِبْرِیْلُ یُوْصِیْنِی بِالْجَارِ حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّہٗ

سَیُوَرِّثُہٗ" (بخاری و مسلم) کہ جبریل امین ہمیشہ مجھے پڑوسی کی رعایت و امداد کی اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ شاید پڑوسیوں کو بھی رشتہ داروں کی طرح وراثت میں شریک کردیا جائے گا۔ پڑوسیوں کے ساتھ حسن اخلاق کا مظاہرہ کرنا اور اچھا رویہ رکھنا اللہ اور اس کے رسول کی محبت کی شرط اور اس کا معیار قرار دیا گیا۔ حضرت عبدالرحمٰن ابی قراد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دن نبی کریم نے وضوء فرمایا تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین نے آپ کے وضوء کا پانی لے کر اپنے بدن اور چہرے وغیرہ پر ملنے لگے۔ سرکار دوعالم نے دریافت فرمایا کہ اس عمل پر کون سی چیز آمادہ و انگیختہ کررہی ہے تو آپ کیوں کررہے ہو تو صحابہ کرام کا جواب تھا کہ اللہ اور اس کے رسول کی محبت۔ آپ نے ارشاد فرمایا سنو جو شخص یہ پسند کرتا ہو اور جس کی یہ خواہش ہو کہ اس سے اللہ اور اس کے رسول کی محبت نصیب ہوجائے یا یہ کہ اللہ و رسول کو اس سے محبت ہو تو اسے تین باتوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔ بات کرے تو سچ بولے۔ کوئی امانت اس کے پاس رکھی جائے تو امانت داری کے ساتھ اس کو ادا کرے، اور اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے۔ (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

ایک موقع پر سرکار دوعالم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کے لیے لازم ہے کہ اپنے پڑوسی کے ساتھ اکرام کا معاملہ کرے۔

ترمذی اور مسند احمد کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کسی محلے کے لوگوں میں اللہ کے نزدیک سب سے افضل اور بہتر وہ شخص ہے جو اپنے پڑوسیوں کے حق میں بہتر ہو۔

مسند احمد کی ایک روایت میں نبی کریم کا فرمان ہے کہ ایک پڑوسی کو پیٹ بھر کر نہ کھانا چاہئے جبکہ اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔

کسی شخص کا نیکوکار یا بدکار ہونا اس کے پڑوسی کی گواہی کے ذریعہ معلوم ہوگا۔ ایک شخص نے نبی کریم سے عرض کیا یا رسول اللہ میں اپنی نیکوکاری و بدکاری کو کس طرح معلوم کرسکتا ہوں؟ حضور نے فرمایا۔ جب تم کسی کام کے بارے میں اپنے پڑوسیوں کو یہ کہتے ہوئے سنو تم نے اچھا کام کیا تو تمہارا کام اچھا ہے، اور۔ جب تم اپنے پڑوسیوں کو یہ کہتے ہوئے سنو کہ تم نے برا کیا ہے تو تمہارا وہ کام برا ہے۔ (ابن ماجہ)

برا کہے عالم اسے برا سمجھو

زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

ظاہر ہے کہ ان ارشادات وواقعات کا مقصد صرف واقعہ کا بیان نہیں بلکہ پڑوسیوں کے حقوق کی اہمیت کے اظہار کے لیے یہ بڑے مؤثر اور بلیغ عنوانات ہیں جن کا مدعا اور پیغام یہی ہے کہ اہل ایمان کے لیے لازم ہے کہ پڑوسیوں کے ساتھ ان کا برتاؤ اور رویہ شریفانہ رہے کہ ان کی طرف سے بالکل مطمئن اور بے خوف وخطر رہیں، دل ودماغ کے کسی گوشے میں بھی ان کے بارے میں کوئی اندیشہ یا کسی طرح کی کوئی فکر دامن گیر نہ رہے۔

اگر کسی مسلمان کا یہ حال نہیں ہے اس کے پڑوسی اس سے بے خوف اور مطمئن نہیں ہیں تو نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اسے ایمان کا مقام نصیب نہیں ہے "لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ" جنت میں اس شخص کا داخلہ ممنوع ہے جس کی شرارتوں اور ایذا رسانیوں سے اس کے پڑوسی مامون نہ ہوں۔ (مسلم شریف)

ایک حدیث میں نبی کریم ﷺ نے تین مرتبہ قسم کھا کر فرمایا خدا کی قسم وہ مؤمن نہیں خدا کی قسم وہ مؤمن نہیں خدا کی قسم وہ مؤمن نہیں۔ صحابہ نے دریافت کیا کون یا رسول اللہ تو آپ نے فرمایا کہ جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے محفوظ نہیں۔ (مسلم)

پڑوسیوں سے محبت وتعلقات کی استواری کا ایک ذریعہ باہم ہدایا وتحفوں کا لین دین ہے، سرکار دوعالم ﷺ خود اپنی بیوی کو اس کی تاکید فرمایا کرتے تھے۔ اسی بنا پر ایک مرتبہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے دو پڑوسی ہیں ان میں سے کس کو پہلے یا زیادہ ہدیہ بھیجوں آپ نے فرمایا جس کا دروازہ تمہارے دروازے سے زیادہ قریب ہو۔ (مشکوٰۃ)

ایک "توکل" صحابی حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا. جب تم سالن بناؤ تو اس میں پانی زیادہ رکھو اور اپنے ہمسایوں کی خبر گیری کرو، یعنی صرف اپنی لذت کے پیش نظر سالن نہ بناؤ بلکہ ضرورت مند ہمسایوں کا بھی خیال رکھو اور ان کے گھر بھی سالن بھیجو۔

ہمسایہ کا ہمسایہ کے تعلق کو مستحکم وخوشگوار رکھنے کے لیے پڑوسیوں کے درمیان کچھ نہ کچھ صدقہ وتحفہ دینے لینے کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے اور اس کے لیے عمدگی اور اعلیٰ چیزوں کو مدنظر رکھنا چاہیے بلکہ کوئی تھوڑی وقلیل چیز ہو تو اس کو دینے لینے میں حقارت محسوس نہ کرے حضور ﷺ نے عورتوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا اے مسلمان عورتوں کوئی ہمسائی اپنے ہمسائی کے لیے ہدیہ وصدقہ حقیر نہ سمجھے اگر چہ بکری کا ایک کھر ہی ہو۔ (بخاری ومسلم)

ای مسلمان کی وت وشرافت کا یہ تقاضہ کہ خود را اور عیش و آرام سے ز گی بسر کرے اور اپنے ہمسائے کے رنج و اور گھریلو ضرور یات کی واہ کرے نبی کر کے ارشاد کے مطا مؤمن وہ جو خود شکم سیر ہو اور اس کا وسی اس کے پہلو میں بھوکا رہے اور وہ اس کے بھوکے ہونے سے خبر بھی ہو۔ رواہ بز ار وال طبر انی فی ا

اسلام کی ز ان حکمت کی ان تعلیم و ہدای سے ا ازہ ہو ہے کہ وسیوں کے ساتھ حسن سلوک کا کیا مقام و تبہ ہے افسوس کہ محبت رسول کا دم بھرنے والے ہم مسلمانوں کی ز گی وطرز عمل اور رسول اللہ کے ارشادات میں اتنا بعد ہو گیا کہ کسی آشنا کو اس ت کا یقین کر مشکل ہے کہ یہ تعلیم و ہدای مسلمانوں کے کی ہو سکی ہے۔

غور کیجیے کہ سرکار دو عالم کے ان مبارک ارشادات میں اپنے ہمسا اں کے بھوک و پیاس کے مسئلوں سے واہ اور ان کی دیگر ضرور یات سے فکر ہو کر ز گی ارنے والوں کے لیے کتنی سخت وعید سنائی ہے لیکن افسوس کہ اس طرح کی حدیثیں ہمارے علمی و درسی حلقوں میں اب کلامی بحثوں اور علمی موشگافیوں کے ا رہو کر رہ جاتی ہیں۔ اگر ان حد اں کو ھ ین کر حیات انسانی کے ان تشنہ شعبوں کو در کرنے کی فکر دامن گیر ہو جائے تو انشاء اللہ ضرور وہ خوش گوار و سکون معاشرہ تشکیل ئے گا کو جس معاشرے کی تلاش ہے ور۔

لطف تو ۔ ہے کہ کردار بھی کروٹ لے
ور تو کرتے ہیں انگڑائی بہت

طبرانی کی معجم کبیر میں حضرت معاویہؓ حیدہ رضی اللہ عنہ کی ای روای ہے جس میں نبی کر نے وسیوں کے حقوق کا درس دیتے ہوئے فرما یا کہ وسی کا تم یہ حق ہے کہ ا وسی کسی بیماری میں ر ہو جائے تو اس کی عیادت وخبر گیری کرو، اگر اس کا انتقال ہو جائے تو اس کے جنازے میں شر کرو اور اگر کسی ضرورت و ہ سے قرض مانگے تو اس کو قرض دو اور ا کوئی اکام کر بیٹھے تو دہ ثی کرو اور اگر اس کو کوئی نعمت ملے تو مبارک دو اور اگر کسی مصیبت کا شکار ہو جائے تو تعزی کرو اور اپنی عمارت کو اس کی عمارت سے اس قدر بلند کرو کہ اس کے گھر کی ہوا بند ہو جائے اور تمہارے ی کی مہک اس کے لیے ہو اور اس میں سے تھوڑا سا کچھ سالن اس کے گھر بھی بھیج دو یعنی اگر گھر میں کوئی لذی وخوش ذائقہ چیز بنے اس صورت میں تو اس کے گھر بھی کچھ سالن پہنچا یا پھر اس کی خوشبو وس کے گھر جائے۔

غور وفکر کا دائرہ وسیع کیجیے اور دل ودماغ کے دریچے وا کیجیے کہ کتنے حسین پیرائے میں پڑوس میں بسنے والے انسانوں کو متنبہ کیا ہے، کہ گھر کی دیوار اتنا بلند کرو جو ہمسائے کی ہوا کو روکنے کا سبب بن جائے، اور گھر میں پکنے والی خوب چیز کی مہک باہر جانے نہ دیئے کہ اس وجہ سے پھول جیسے ناسمجھ بچوں کے دل میں اس کی طمع ولالچ پیدا ہوگی جوان کے لیے نقصان دہ ہے یا پھر ان کے گھر بھی پہنچانے کا اہتمام کیا جائے۔

مذہب اسلام کے اس اصولی نقطۂ نظر سے بھی سمجھا جاسکتا ہے کہ اسلام نے پڑوسیوں کے بارے میں کتنے نازک اور باریک پہلوؤں کی رعایت کو بھی ملحوظ رکھ کر اس کو ضروری قرار دیا ہے۔

امام غزالی علیہ الرحمۃ نے احیاء العلوم کے اندر ایک عجیب وغریب واقعہ ذکر کیا ہے کہ کسی کے گھر میں چوہوں کی کثرت ہوگئی تو کسی نے بلی پالنے کا مشورہ دیا کہ اس طرح چوہے تمہارے گھر سے فرار ہوجائیں گے تو گھر والے نے کہا کہ ”مجھے اس بات کا خطرہ ہے کہ بلی کی آواز سن کر چوہے میرے گھر سے نکل کر میرے پڑوس کے گھر میں چلے جائیں گے اور میں جو چیز اپنے لیے پسند نہیں کرتا وہی چیز اپنے پڑوسی کے لیے پسند کرنے لگوں؟ یہ مؤمن کی شان کے خلاف ہے۔

کہنے کو تو یہ مختصر سی بات ہے لیکن اس پر عمل کی توفیق اس وقت تک میسر نہیں آسکتی جب تک کہ انسان کا ایمان کامل نہ ہوجائے یہ صفت انسانی کمال کی ایک معراج ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا نفس پورے طور پر مدارجِ تہذیب طے کرچکا۔

* * *

مشرقِ وسطیٰ کے حوالے سے

سارے عالم میں بھڑکی آگ آج بھی بجھ سکتی ہے...

ا عز بلگامی

اس حقیقت سے بھی انکار کیا جاسکتا کہ بیت المقدس کا قضیہ یہودں اور عیسائیوں کے درمیان چھ سو سال سے چلا آ تھا۔ یہودں کی ریخ کے تعلق سے قرآن شریف میں سورۃ بنی اسرائیل اور دیگر آئی آیتوں سے پتہ ہے کہ ریخ میں د ران اللہ تعالیٰ کا عمومی غضب زل ہوا۔ حضرت سلیمانؑ کے دور میں ملک اسرائیل د کا ور جا تھا اور قوم بنی اسرائیل د کی قی یفتہ قوم۔ حضرت سلیمانؑ کے انتقال کے بعد عظیم اسرائیلی ری دو حصوں میں تقسیم ہوئی۔ پھر تقسیم در تقسیم اور قومی اور وطنی د داری نے ان کا شیرازہ دی۔ دوسری ران جو عذاب آی، اسے دو ہزار سال ہوگئے ہیں جس کے اثات موجودہ دور زائل ہوئے۔

آج سے دو ہزار سال قبل حضرت عیسیٰؑ کے دور میں اس ملک کی عظیم اکثری مشرک رومن اور زنطینی حکمرانوں کو اللہ نے مسلط کرد ی۔ حضرت زکری، حضرت یحیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی دعوت کے جواب میں یہودں نے اپنی رسومات اور اپنے خودساختہ قومی اور وطنی د کو چھوڑا۔ حضرت عیسیٰؑ کے تعلق سے انکا دعویٰ ہے کو ہم نے ا صولی لٹکا دی۔ نعوذ اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمای کہ ”تو یہودی حضرت عیسیٰؑ کو قتل کر سکے اور ا صولی دے سکے، بلکہ ہم نے ا شبہ میں ڈال دی... حقیقت یہ ہے کہ ہم نے عیسیٰ علیہ السلام کو اپنی طرف رفعت دی...“

اس واقعے کے بعد جو عذاب آی تو اللہ نے کروڑوں یہودں کا وں سے اور مشرکین سے اتنا قتل عام کرو ی کہ آج ساری د میں ای کروڑ بھی یہودی بچے۔ قتل عام کے علاوہ بیت المقدس جیسی عظیم اور مقدس مسجد کو مکمل طور آگ لگا کر تباہ اور راج کرو ی۔ یہودں سے فلسطین خالی کروا گیا۔ بچے کھچے یہودی د کے کونے کونے میں لاوارث زگی ارنے رہوئے۔ د میں ا کہیں چین سے آ دھونے کی ملی۔ اس درجہ حالی ہوئی کہ

یہودیوں کے ایک قبیلے کے بچے کھچے لوگ ہمارے ملک کے دور دراز کے حصے آسام میں بھی گمنامی کی زندگی گزار رہے تھے۔ اخبار بین طبقہ کو یاد ہوگا کہ ابھی دو سال پہلے ہی ان کو اسرائیل جانا نصیب ہوا۔

پھر دنیا نے یہ نقشہ بھی دیکھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی محنت کے نتیجے میں صرف چار سو سال کے اندر اندر آدھی دنیا حضرت عیسیٰؑ کے دین کو قبول کر چکی تھی اور عظیم سلطنت روما نے اسے اپنی مملکت کا ہی دین تسلیم کیا۔ یہ بات الگ ہے کہ پھر دو سو سال کے اندر اندر ان میں حضرت عیسیٰ کے خدا کے بیٹے ہونے کے عقیدے نے جگہ بنالی۔ عیسائیوں کے دلوں سے یہ بات کبھی گئی نہیں کہ یہ یہودی تھے جنہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور انکی والدہ حضرت مریمؑ کے ساتھ برا سلوک کیا تھا۔ عیسائیوں کا جب دور آیا تو انہوں نے یہودیوں کا بھی جینا دوبھر کردیا۔ لیکن اسی دوران ساتویں صدی عیسوی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی اور عیسائیوں کے ساتھ یہودیوں کو بھی مسلم دنیا میں عزت اور امن کا مقام ملا۔ آج بھی یہودیوں کی تاریخی کتابوں میں یہ بات درج ہے اور انٹرنیٹ سے مطالعہ بھی کیا جاسکتا ہے کہ پچھلے دو ہزار سالوں میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انکے بعد کے دو سو سال ہمارے لیے سنہری دور رہے ہیں۔ ساری مملکت اسلامی میں ہمیں امن اور امان اور آزادی کی زندگی میسر ہوئی۔

یہودیوں پر عیسائی مظالم کم زیادہ جاری ہی تھے کہ بیسویں صدی کے آتے آتے یورپ کے عیسائیوں نے اپنے یہاں پناہ لیے ہوئے یہودیوں پر ظلم و ستم کی حد کردی۔ عیسائی جرمنی کے عیسائی ہٹلر نے یہودیوں پر انسانیت سوز ظلم و ستم کے وہ پہاڑ توڑے اور قتل عام کا وہ منظر اُبھارا کہ تاریخ کے جسم پر آج تک کپکپی طاری ہے۔ یہ اور بات ہے کہ بعد میں عیسائیوں نے اس کا کفارہ ادا کرنے کی کوشش کی۔ لیکن اپنی جیب سے نہیں۔ بلکہ یہودیوں کو فلسطین میں ایک ریاست کی شکل میں لابسایا۔ تاکہ ان کے ظلموں کا کفارہ فلسطین، عرب اور دنیا کے سارے مسلمان ادا کریں۔ اس میں وہ کامیاب رہے۔ جبکہ انصاف کا تقاضہ تو یہ تھا کہ یہودیوں کو یورپ ہی میں کہیں ایک خوشگوار اور سرسبز و شاداب علاقے میں ایک الگ ملک بنا کر دے دیا جاتا۔ یہی چیز قرین انصاف ہوتی۔ جرمنی کی ہی کچھ اراضی تقسیم کی جاتی جس میں یہودیوں کو Accomodate کیا جاتا۔ یورپ نے اپنے اس ناجائز حمل کو فلسطین میں جا کر وضع کرنا پسند کیا۔

اب صورتحال یہ ہے کہ ایک بچہ ہے جو پیدا ہو چکا ہے، خواہ اس کی پیدائش کتنی ہی غیر قانونی

کیوں نہ ہو۔اب یہ ایک زمینی حقیقت ہے جس کا انکار اُسی طرح ممکن ہے جیسے کوئی دن میں سورج کا انکار کردے۔اب جب یہ بچہ پیدا ہی ہو چکا ہے تو اس کا محض غیرقانونی طور پر پیدا ہونا اس بات کو تو لازم نہیں کرتا کہ اس کا قتل کردیا جائے۔اس نوع کے کئی اور واقعات بھی تو ہوتے رہتے ہیں بلکہ ہو چکے ہیں۔جیسے اسی بیسویں صدی میں ہندوستان کی تقسیم ہوئی تھی اور پاکستان وجود میں آیا تھا۔پھر اسی پاکستان سے بنگلہ دیش کی ولادت ہوئی تھی۔اب جبکہ یہ دونوں ولادتیں ہو چکی ہیں تو کیا وقت اور زمانے کے پہیہ کو اُلٹا گھمایا جائے گا اور اسے ایک اصول ٹھہرا کر، ہندوستان کے ہندوؤں کو یہ حق دیا جائے گا کہ وہ پاکستان یا بنگلہ دیش کے نام ونشان کو زمین کے نقشے سے مٹا ڈالیں؟ کیا اس میں ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ لگے گا؟ حالات کو قبول کرنا ہی فطرت سے ہم آہنگی کا دوسرا نام ہے۔اِسی طرح اب یہ تحریک فضول ہوگی کہ اسرائیل کے وجود کو مٹادیا جائے۔مسلمانوں کے بعض سرکردہ افراد اِس کی نادانی کی بناپر یہاں اُسرائیل کر اِسے بہادینے کا خواب دیکھتے رہتے ہیں جبکہ وہ مشرق وسطیٰ کا سب سے زیادہ تعلیم یافتہ ملک اور سائنس و ٹیکنالوجی کے ماہرین کی فوج کے ساتھ ایک زبردست عسکری طاقت بن چکا ہے جس کے پاس ایٹم بم بھی ہے۔

اہلِ کتاب سے اور خصوصاً عیسائیوں سے تعلقات کا مسئلہ تاریخ میں سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قبل از ہجرت ہی حبش میں پیش آیا تھا جو آج ایتھوپیا کہلاتا ہے۔دوسرا قابلِ ذکر واقعہ وہ جو دربارِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں نجران کے عیسائیوں کے وفد کی ملاقات کے موقع پر پیش آیا تھا۔ہم یہاں احادیث کی کتابوں سے وہ مشہور تاریخی دستاویز نقل کرنا چاہیں گے،جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجران کے عیسائیوں کو خود ہی عنایت فرمایا تھا اور یہی قیامت تک عیسائیوں سے معاملات طے کرنے کے لیے ہمارے لیے مشعل راہ ہوگی۔اس سے انحراف نہ صرف مسائل میں شدت پیدا کرنے اور عظیم تباہی و ذلت کا سبب بنے گا، بلکہ دینی اعتبار سے آخرت کو بھی داؤ پر لگانے کے مترادف ہوگا، کیونکہ یہ انحراف، سنتِ نبوی سے انحراف ہوگا۔

”نجران کے عیسائیوں اور ان کے ہمسایوں کے لئے اللہ کی پناہ اور اللہ رب العالمین کے نبی اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داری ہے۔ان کی جانوں کے لیے، ان کے مذہب کے لیے، ان کی زمین کے لیے، ان کے اموال کے لیے، ان کے حاضر و غائب کے لیے، ان کے اونٹوں کے لیے، ان کے قاصدوں کے لیے اور ان کے مذہبی نشانات کے لیے، سب کے لیے۔جس حالت پر وہ اب تک ہیں، اسی پر بحال رہیں گے۔ان کے حقوق میں سے کوئی حق اور نشانات

میں سے کوئی نشان نہ ہٹایا جائے گا۔ ان کے کسی اسقف کو مذہبی ی کو اس کی اسقفیت سے، اور کسی راہب کو اس کی رہبانیت سے اور کسی خادم کلیسا کو اس کی خدمت سے نہ ہٹایا جائے گا۔ خواہ اس کے ہاتھ کے نیچے جو کچھ ہے وہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔ ان پر عہد جاہلیت کے کسی خون یا عہد کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ ان کو فوجی خدمت کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔ اور ان کی زمین کو کوئی لشکر پامال نہ کرے گا۔ اگر کوئی شخص ان کے خلاف کسی حق کا دعویٰ کرے گا، تو فریقین کے درمیان انصاف کیا جائے گا۔ نہ اہلِ نجران ظالم بن سکیں گے اور نہ اُن پر ظلم ہوگا۔ جس شخص نے اس سے پہلے سود لیا ہو، اُس کی ذمہ داری سے میں بری ہوں۔ ان میں سے کسی شخص کو دوسرے کے گناہ میں نہ پکڑا جائے گا۔ اس صفحہ میں جو کچھ درج ہے اُس کے لیے اللہ کی پناہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داری ہے ہمیشہ۔ یہاں تک کہ حکم آئے اللہ کا۔ بشرطیکہ وہ خیر خواہ رہیں گے اور اپنے حقوق کو ادا کرتے رہیں گے جو اُس معاہدے کی رو سے اُن پر عائد ہوتے ہیں۔‘‘ (سیرت طیبہ اور احادیث شریف کی مختلف کتابوں سے)۔

آثارِ صحابہؓ کو دیکھا جائے کہ معاملہ کس طرح اہمیت کا حامل بنتا ہے۔ قدس کا مسئلہ تاریخ میں سب سے پہلے حضرت عمر بن خطابؓ کو ۱۵ھ میں پیش آیا تھا۔ انہوں نے جس ایمانی بصیرت سے اس معاملے کو ہینڈل کیا تھا وہ تاریخ کا روشن باب ہے۔ بیت المقدس کے عظیم پادری کے نسطوری راہبوں سے کئے ہوئے حضرت عمر بن خطاب کے عہد و پیماں کو اگر دوبارہ لاگو کیا گیا تو فلسطین میں امن و امان قائم ہونا ممکن ہے۔ قدس کی مقدس سرزمین انسانی خون سے رنگین ہوتی رہے گی۔ ہم تاریخ کی کتابوں سے اِس عظیم معاہدے کو یہاں دیدۂ عبرت نگاہ کے لیے نقل کر رہے ہیں:

’’یہ وہ امان ہے جو اللہ کے غلام امیر المومنین عمر بن خطاب نے ایلیا (اس زمانے میں فلسطین کا نام) کے باشندوں کو دی۔ یہ امان اُن کی جان، مال، گرجا، صلیب، تندرست، بیمار اور ان کے تمام مذہبی فرقوں کے لئے ہے۔ اس طرح کہ ان کے گرجاؤں پر قبضہ کیا جائے گا۔ نہ وہ ڈھائے جائیں گے۔ نہ اُن کو اُن کے احاطے کو کوئی نقصان پہنچایا جائے گا۔ نہ اُن کی صلیبوں اور نہ اُن کے مال میں کچھ کمی کی جائے گی۔ مذہب کے بارے میں اُن پر جبر کیا جائے گا۔ نہ اُن میں سے کسی کو نقصان پہنچایا جائے گا۔ ایلیا میں اُن کے ساتھ یہودی نہ رہنے پائیں گے۔ ایلیا والوں پر یہ فرض ہے کہ اور شہروں کی طرح جزیہ دیں اور یونانیوں کو وہاں سے نکال دیں۔ ان یونانیوں

میں سے جو شہر سے نکلے گا اُس کی بھی جان اور مال کو امن ہے۔ تا آنکہ وہ اپنے محفوظ جائے پناہ میں پہنچ جائیں۔ اور جو ایلیا ہی میں رہنا چاہے، تو اس کو بھی امن ہے اور ۔ یہ دینا ہوگا۔ اور ایلیا والوں میں سے جو شخص اپنی جان اور مال لے کر ۔نیوں کے ساتھ چلا جا۔ چاہے، تو ان کو اور ان کی ۔جاؤں کو اور ص۔یوں کو امن ہے یہاں۔ ۔کہ وہ اپنی محفوظ جائے پناہ ۔پہنچ جائے۔ اور جو کچھ اس معاہدے میں تحر۔ ہے اس ۔ ۔اکا، رسول ۔اکا، ۔ء کا اور تمام مسلمانوں کا ذ۔ ہے، بشرطیکہ یہ لوگ ۔ یہ مقررہ ادا کرتے رہیں۔ اس تحر۔ گواہ ہیں خالدؓ ۔الو۔، ۔وؓ ۔العاص، عبدالرحمٰنؓ ۔عوف اور معاویہؓ ۔ا۔سفیان، اور اِسے ۔ھ میں لکھا گیا۔"

یہاں ۔ہم وہ مشہور واقعہ نقل کر۔ گے اور اُس گفتگو کا بھی حوا۔د۔ گے جو بیت المقدس کے عظیم ۔چ میں ۔سطوری راس۔ اور حضرت ۔ابنِ خطاب کے درمیان ہوئی تھی۔ معاملہ اِس قدر ۔زک تھا اور انسانی ۔ریخ ۔اس کے اس قدر گہرے ا۔ات ۔۔ہونے والے تھے کہ اس کے لیے حضرت ۔نے بنفسِ ۔مدینہ طیبہ سے اتنی دور کا سفر کر کے تشریف لا کر اِس معاہدہ سے خود کو وابستہ کر۔ ضروری سمجھا تھا۔ حضرت ۔ کی سیرت ۔لکھی جانے والی تمام کتا۔ں میں اس واقعہ کا ذکر موجود ہے۔ کہتے ہیں کہ ۔چ میں خود حضرت ۔ تشریف رکھتے ہیں۔ نمازِ ۔کا وقت ہوا۔ بشپ نے عرض کیا کہ آپ یہیں ۔چ میں نماز ادا کر لیجیے۔ حضرت ۔نے فرما۔ کہ، ۔۔اَ۔میں اس طرح کر۔ ہوں تو مسلمان کسی دن اِسی کو بہا۔ بنا کر ۔چ کو تم لوگوں سے خالی کرا لیں گے۔ پھر آپ نے بشپ کو یہ تحر۔ بھی دی کہ یہاں کوئی نماز۔ ۔ادا ۔کی جائے گی اور ۔ہی یہاں اذان دی جائے گی۔ ا۔انہوں نے اس کا ۔پلکس میں ا۔علیحدہ مسجد کے خیال کا اظہار فرما۔ جو ۔چ سے کچھ فاصلے ۔ہو۔ خود بشپ نے مشورہ د۔ کہ اس "صخر۔ہ" ۔یعنی اُس ٹیلے ۔بنالی جائے۔ چنانچہ آپ نے لوگوں کو حکم د۔ کہ ٹیلے کی صفائی کی جائے اور خود بھی ۔ں مز۔دوروں کے ساتھ ا۔ مز۔دور کی طرح کام کیا۔ ا۔اللہ، آج بھی اِسی ۔ ۔'مسجدِ ۔' موجود ہے۔ واضح رہے کہ اس واقعہ کے چھ سو سال قبل عیسائیوں کا غلبہ ہونے کے بعد سے یہود۔ں کا یہاں داخلہ بند تھا۔ حضرت ۔ کی تشریف آوری کی ۔ ۔سے یہود۔ں کو بھی یہاں داخلہ ملنے لگا جس کا ۔کرہ یہود۔ں کی ۔ریخی کتب میں ملتا ہے۔ ۔وفیسر فضل احمد کی حضرت ۔کی حیات ۔لکھی کتاب اور نجیب اکبرآ۔دی کی ۔ریخ اسلام سے ماخوذ۔۔

بطورِ حاصلِ کلام ہماری ۔ارش یہ ہے کہ بیت المقدس کے کا۔پلکس کو حضرت ۔ کے مذکورہ

معاہدے کے اعتبار سے □ الگ الگ حصوں میں□ □□ جائے۔اس کا مکمل نظم وانصرام ادارۂ اقوام متحدہ اپنے□تھ میں لے کر تینوں حصوں میں تینوں ہی مذاہب□ کے عملے کے ذریعہ اس کا انتظام چلائے۔ بیت المقدس کے علاقہ کو اقوامِ متحدہ کے ز□ نگرانی □□ جائے، کسی خاص ملک کے تحت □ ۔ر□ مسئلہ□ وشلم شہر کا، تو اِس شہر کو بھی ا□ اقوام متحدہ کی Territory بنادی جائے اور اِسی کے ز□ انتظام لا□ جائے تو انشاء اللہ پھر□ وشلم کو لے کر کسی مسئلہ کا کوئی وجو□ قی □ رہے گا۔

تیسرا مسئلہ ''فلسطین'' کا مسئلہ ہے۔ ہر مسئلے کا حل ایما□اری ہے جو فریقین کے ساتھ ساتھ □لثوں میں بھی ہو۔اِس کا حل یہ ہے کہ ایما□اری کے ساتھ اقوام متحدہ کی تجو□ نمبر□□□ کو لاگو کرتے ہوئے □□□□ء کے پہلے کی □زیشن کو بحال کیا جائے۔ ہر ملک کی فوج کے ذریعہ غصب کیے گئے□ علاقے کو خالی کرا□ جائے۔اقوامِ متحدہ،□رو□ ممالک اورا□یکہ کے□ؤ کے نتیجے میں فلسطین کی جو آزا□ی □آزادر□ی □ عالمِ وجود میں آئی ہے،□ں □سی استحکام کی کوششیں □□ کی جائیں □ں، یہ□ت کہنے میں کوئی □ □ ہونی چاہیے کہ اسرائیل کو تسلیم □کرنے کی ضد سے اسرائیل د□ سے غا□ □ ہونے والا □ ہے۔اِس کے وجود کو، جو ا□ Ground Reality ہے، تسلیم کرتے ہوئے ا□□ □ جنگ معاہدے'' کی فریقین سے□ بندی کروائی جائے۔اِسرائیل کو بھی اِس □ت کا□ بند بنا□ جائے کہ اِس کے علاقے میں بسنے والی اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں اور عیسائیوں کو مکمل آزادی، □وی شہری اور □ری حقوق دے اور اس کی سختی سے □بندی کرے۔اِن معاہدات کی□ بندی کی نگرانی کے لیے ا□□ اِ □رعالمی کمیٹی، جس کے□ س اپنے فیصلے□ فذ کرنے کی قوت بھی ہو، تشکیل دی جائے جو مسلمانوں، عیسائیوں اور یہود□ں کی □ں نمائندگی کرنے والی ہو اور مستقبل میں رونما ہونے والے تمام □ئل واُمور اسی کمیٹی سے رجوع کیے جائیں۔ان □ارشات □ عالمی سطح □ مذاکرات مفید ہوں گے۔□ مسئلہ یہ ہے کہ اقوام متحدہ ایما□اری سے اپنے فرائض نبھائے اورا□یکہ اور□رو□ ممالک اپنے رویے میں لچک لائیں۔ اسرائیل کو □انصافی سے روکیں۔ساتھ ہی مسلم ممالک، خصوصا عرب اورا□ان بھی اب فلسطین کے معاملے میں اپنی □ □ □کھیل کر امت□ کو م□□ نقصان سے بچائیں۔

ہمیں امید تو □ کہ مسلمان جو کربلا کے واقعات کے بعد سے کسی بھی مسئلے □متحد □ ہو سکے ہیں، اِس تجو□ کو مان لینگے۔ □ ہم کو بہر حال حق گوئی کا اپنا فر□ ادا کر□ ہے۔ہماری □ارشات ا□ وثواب کی خاطر ہیں۔اِسرائیلی و فلسطینی شورش ہو□ ٹیررزم کا منظر□ □، ہمارا یہ □

متزلزل یقین ہے کہ قرآن و سنت حضرت ؓ کے فیصلوں سے روشنی حاصل کیے کبھی ئیدار امن کے حصول میں د کامیاب ہو سکے گی۔ وما توفیقی الا اللہ۔ حضرت ؓ ا خطاب سے والے وپ کے اسرائیل کے خلاف ا ل ا بی ات اور تقار ی کی وجہ سے مشرق وسطیٰ میں ب تیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اقوام عالم میں جگ ہنسائی ہوتی ہے اور اسرائیل کو تقو حاصل ہوتی ہے۔ امن کی کوششوں کو د ہے۔

ہمارا اصرار ہے کہ د اسرائیل سے طہ توڑ لے۔ مسلم ممالک نے بظاہر تو اسرائیل سے طہ توڑ ر ہے۔ لیکن حقیقت حال کچھ اور ہی ہے۔ اردو میڈ حق ہے کہ وہ اپنے قارئین کو صورت حال سے واقف کرائے۔ دراصل پچھلی صدی میں روپ میں ظلم و سہنے کے وجود یہود ں نے علوم، سائنس اور لوجی میں حیرت ا قی کی۔ کے ظلم و کے دوران ا یکہ ہی ان کی واحد پناہ گاہ تھی جہاں وہ سارے روپ سے آتے رہے۔ پچھلی صدی کے سا انوں میں یہود ں کی تعداد پچاس فیصد سے بھی ز دہ ہے۔ قی پچاس فیصد میں روپ و ا یکہ اور ساری د کے سا ان شمار ہوتے ہیں۔ مشہور نوبل انعام میں سائنس میں مات کے لئے پچھلی صدی سے جو انعام دئے جا رہے ہیں اس میں یہودی سائنس دانوں کا ساٹھ فیصد حصہ ہے۔ کا کاری اور مصنوعی طور سے فصل اگانے اور کسی بھی طرح کی زمین میں مطلوب پیداوار کس طرح سے لی جائے، اس کا علم یہود ں نے د کو ئی فصلیں، ں، دو دو سو لیٹر دودھ ا وقت میں دینے والے مویشیوں کی نسل کی سائنس بھی ا کی ہون ہے۔ ملک اسرائیل کے قیام کے بعد چاروں طرف سے اپنے سے کئی گنا ز دہ حریف ملکوں کے درمیان کس طرح اپنا دفاع کیا جائے، کس طرح اپنے ہوائی جہازوں کو ئی ہونے سے بچا جائے، کس طرح فوجی تیا یاں کی جائیں، کس طرح کو منظّم کیا جائے، کس طرح ری آ دی کو ہی جنگ کے فن سے بہرہ ور کر جائے، د ان سے ہی سیکھ رہی ہے۔ جن ممالک کے بظاہر اسرائیل سے تعلقات ہیں، انکے بھی اسرائیل سے کئی امور معاہدے ہیں۔

ذاتی طور سے بھی ہم لاکھ بچنے کی کوشش کر ، لیکن . ہمیں صرف اپنے دشمن کی ہی دوکان میں ہماری ضرورت کا مال منا دام میں مل ہوگا، تو کیا وجہ ہے کہ ہم گے۔ یہی معاملہ ملکوں کے درمیان ہے۔ ا ان اور چند عرب ممالک کے س کی دو ضرور ہے لیکن ہمیں یہ بھی معلوم ہو چاہئے کہ اس زمین کے خالق نے د کے ہر کونے میں ز زمین

کے ذخیرے رکھے ہیں۔ روس میں سائبیریا کے پھیلے علاقے میں زیرِ زمین تیل اور گیس کے
عربوں سے بھی زیادہ بڑے ذخیرے ہیں۔ کینیڈا اور امریکہ کی زمین کے نیچے بھی تیل بھرپور مقدار
میں موجود ہے۔ ہمارے ملک میں آسام اور گجرات میں بہت ذخیرہ پڑا ہوا ہے۔ بمبئی ہائی میں بحر
ہند کے پانی کے نیچے سارے ہندوستان کی ضرورت کی گیس موجود ہے۔ پھر سوال یہ ہے کہ لوگ
کیوں عربوں سے تیل خرید رہے ہیں؟ دراصل تیل ایک قدرتی چیز ہے جس کے ذخیرے ایک نہ
ایک دن ختم ہونے ہی ہیں۔ عربوں کے پاس تیل کے سوا کوئی ایک چیز بھی ایسی نہیں جو وہ دنیا
میں بیچ سکیں۔ اسی لئے ان ممالک کی معیشت کا انحصار ہے۔ ا[illegible] تیل فروخت کرنے کے سوا کوئی
چارہ ہی نہیں ہے۔ عرب دنیا میں تیل نکالنے کا خرچ کم آتا ہے اور اپنے ملک کے تیل کو نکالنے کے
بجائے عربوں سے خریدنا سستا پڑتا ہے۔ دوسرے یہ کہ عربوں کے تیل پر چار امریکی کمپنیوں
کی اجارہ داری ہے۔ تیسرے یہ کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمت امریکی کمپنیاں طے کرتی ہیں۔ عرب
اپنے ذخیروں سے ملنے والی رائلٹی پر ہی مطمئن ہیں۔ حد یہ کہ ایران دنیا میں کچا تیل برآمد کرنے
والے ملکوں میں صفِ اول میں ہے۔ لیکن یہی ایران تیل کے معاملے میں اتنی بھی ترقی نہ کرسکا کہ
اپنے تیل کو ریفائن کر سکے۔ چنانچہ مشرق وسطیٰ میں پٹرول اور پٹرولیم مصنوعات کا سب سے بڑا
درآمد کرنے والا ملک بھی یہی ایران ہے۔ بارہا امریکی اور یہودی سامان کے بائیکاٹ کی اپیل کی
جاتی ہے اور بارہا یہ نسخہ فیل ہو جاتا ہے۔ اس طرح ہمارے دشمنوں کو مسکرانے کا موقع ملتا ہے۔

ایک میڈیم درجہ آمدنی والا شخص بھی اپنی زندگی میں تقریباً چھ سو اشیاء کی چیزوں کا استعمال
کرتا ہے۔ مثلاً [illegible] کے جوتے، [illegible] کی دوائیاں، [illegible] کی غذائی اجناس
وغیرہ۔ ان تمام اشیاء میں ایک بھی [illegible] مسلم [illegible] ہے اور ان اشیاء کی ساٹھ فیصد کمپنیاں
یہودیوں کی ہیں یا انکے سرمائے سے چلتی ہیں۔ [illegible] ان میں بڑی تعداد میں ہندوستان،
پاکستان، بنگلہ دیش اور فلسطین کے علاوہ یمن اور [illegible] کے مسلم ورکرس جاب بھی کر رہے ہیں۔
ضرورت اس بات کی ہے حالات حاضرہ سے بھی روشناس رہتے ہوئے [illegible]روں کے بیانات،
اخباروں کی سرخیاں اور تحریکوں کی ہلچل ہوتا کہ ہماری اپنی عوام حالات سے باخبر رہے اور اپنے
شعور کے ساتھ آئندہ کا نقشہ تیار کرے تاکہ حالات بدلیں۔

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں

ذہن بچوں کی کا ا تعلیم مسئلہ

از محمد شاہ نواز عالم قاسمی
جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی

ہر ماں پ کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کا بچہ ھ لکھ کر قابل جائے کیا ہر بچہ ماں پ کی خواہش را ہے؟ ا ہر ہے، بعض بچے تو ذرا سی توجہ سے اچھے اچھے نتائج حاصل کر لیتے ہیں کچھ بچے ا بھی ہوتے ہیں جو اچھے اسکول میں اور ٹیوشن حاصل کرنے کے وجود بھی لکھنے میں پیچھے رہ جاتے ہیں، ا بچوں ا خصوصی توجہ دی جائے تو وہ دوسرے ذہین بچوں کی طرح نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

عام طور دیکھا یہ گیا ہے کہ ذہن بچوں خصوصی توجہ دینے کے بجائے، اُن کے والد اُن کے اسا ہ اُنھیں مختلف قسم کے القاب سے نوازتے رہتے ہیں، مثلاً یہ بچہ تو لا واہ ہے، جانے اُس کا دھیان ہر وقت کدھر رہتا ہے، و تو یہ خوب ہے، دوسروں کی شکایتیں بھی خوب کر ہے، کھیل کود میں بھی کسی سے پیچھے ، لڑ بھڑ بھی رہتا ہے ھائی کے وقت جانے اُسے کیا ہو جا ہے۔

کبھی ماں اپنے دیگر رشتے داروں بچے کے دو ں کے سامنے یہ فقرے بھی دہراتی نظر آتی ہے کہ اُس نے ہماری ک کٹوا دی ہے، اب ا تم فیل ہو گئے تو درکھنا میں آنٹی کے ں لے کر جاؤں گی، دیکھو شرم کرو، ھارا ں دو کتنے اچھے نمبر لے کر س ہوا ہے اور ا تم ہو، نکمّے، نکور، آ تم کو عقل آئے گی.... و ہ و ہ۔

ا کرنے والے اسا والد کا شا یہ خیال ہو ہے کہ اس طرح ڈا ڈ سے اُن کا بچہ کچھ ا لے گا اور ھائی کی طرف دھیان دے گا یہ ان کی خام خیالی ہے، اِن توں کا تو بچے کی منفی ا ہی ہے۔ وہ تی اور عدم تحفظ کا شکار ہو جا

ہے، اس کے اثرمنفی مختلف پہلوؤں سے اجاگر ہونے شروع ہوجاتی ہیں وہ تنہائی پسند ہوجاتا ہے اس میں چڑچڑا پن پیدا ہوجاتا ہے۔ اکثر ایسے بچوں کو ان الفاظ دہراتے ہوئے سنا گیا کہ "ان میں برا ہوں، اللہ کرے، میں مرجاؤں۔"

اگر آپ کے بچے میں مذکورہ بالا خصلتیں پائی جاتی ہیں تو آپ اپنے بچے کو قصوروار مت ٹھہرائیں، اس کی اِس کیفیت میں عقلی شعور کا کوئی دخل نہیں ہوتا۔ اس کا قصور صرف اتنا ہے کہ وہ تمام سوچ اور کوششوں کے باوجود کچھ نہیں کرپاتا جو آپ کی خواہش ہے، ایسے بچے میں سیکھنے کی عدم صلاحیت قدرتی طور پر رکاوٹ بنتی ہے اور جو چیز بچے میں قدرتی طور پر کم پائی جاتی ہو اس کا نعم البدل مختلف طریقوں سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

۱۹۶۳ء میں نیویارک میں بچوں کے والدین کا ایک اجلاس ہوا جس میں "آموزشی دشواریاں" کی اصطلاح سامنے آئی جس کا تعلق ان بچوں سے تھا جن کی ذہنی استعداد تھی تو عام بچوں کی طرح مگر ان کو اپنا سبق یاد کرنے میں عارضی و معمولی دشواری محسوس ہوتی تھی۔

بچوں میں پائی جانے والی آموزشی دشواریوں کی چند اقسام یہ ہیں: (۱) یاد کرنے میں دشواری (۲) سمجھنے میں دشواری (۳) لکھنے میں دشواری (۴) ازخود کسی مسئلے کو حل کرنے میں دشواری (۵) کتاب لے کر بیٹھنے کے باوجود طریقے سے سمجھنے میں دشواری۔

اگر یہ علامتیں بظاہر ایک صحت منداور نارمل بچے میں پائی جائیں تو والدین کو چاہیے کہ ان بچوں کے ساتھ اپنے رویہ میں مندرجہ ذیل احتیاط برتیں:

(۱) ان بچوں کا کسی دوسرے بچے سے موازنہ نہ کریں۔

(۲) بچے کو ہر وقت ڈانٹ ڈپٹ نہ کریں۔

(۳) ان کے بارے میں نفرت کا لہجہ اختیار نہ کریں اور خاص طور پر اُن کی کمزوری کو ہرگز نظرانداز نہ کریں۔

تھوڑی سی توجہ سے آپ کا وہ بچہ جسے آپ کند ذہن سمجھتے ہیں، دوسرے بچوں کی طرح اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرسکتا ہے لہٰذا آپ کو چاہیے کہ آپ وقت ضائع کیے بغیر اسے کسی اچھے ماہر نفسیات کو دکھائیں اور دیندار تجربہ کار بزرگ عالم ومفتی سے مشورہ کریں تاکہ مناسب تشخیص کے بعد بچے میں موجود آموزش کی دشواریوں کو خصوصی تراکیب کی مدد سے اگر ختم نہیں تو کم کیا جاسکے اور آپ کا بچہ بھی زندگی کا سفر بہتر طریقے سے طے کرے۔ یاد رکھیے! وہ بچہ جس کا ذکر ہم

او کر چکے ہیں خصوصی توجہ کا طالب ہوتا ہے، اگر آپ مصروف ہیں تو مصروفیات ترک کر کے اس کو خصوصی توجہ دیں یہ آپ کا دینی اور معاشرتی فرض ہے۔

کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ بچہ کے غبی ذہن ہونے کی کوئی دوسری وجہ نہیں ہوتی بلکہ گھر کے افراد لاڈ پیار میں اس کم سن کو کچھ نہ کچھ ہر وقت کھلاتے رہتے ہیں، بزرگوں نے لکھا ہے کہ کم سن بچہ زیادہ کھائے تو اس کا حافظہ خراب ہونے کا ڈر رہتا ہے۔

ہم لوگ ڈانٹ ڈپٹ تو کر لیتے ہیں اسے غذا یا خوب چیز دینے میں تناسب کا خیال نہیں رکھتے، حالانکہ ذرا سی اپنے نظام کی تبدیلی سے ساری شکایت دور ہو سکتی تھی اور اِس کی خاطر خواہ مخواہ اس سلسلے میں ڈاکٹروں کا چکر لگانے میں اپنا نظام درہم برہم کرتے۔

غبی ذہن بچوں کی تعلیم

جو بچہ غبی ذہن اور کمزور دماغ کا ہو اس کا علاج علم ہے، عقل کو لگے ہوئے زنگ کو علم ہی دور کرتا ہے، اس کی تعلیم کی طرف سے ہرگز غفلت نہ برتی جائے بلکہ کوشش کر کے حکمتِ عملی سے کام لے کر اُس کو اس میں لگا دے۔ اِس کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے سامنے مختلف قسم کی چیز پیش کرے، ان کے متعلق سوالات کر کے اس کی خوبیاں اور برائیاں بیان کرے، تھوڑا سبق دے اور اس کو اچھی طرح ذہن نشین کرا دے اور جب وہ پختہ ہو جائے آگے بڑھائے۔ اس میں اتنی بات ضرور ہے کہ تعلیم دینے والے کو محنت اور دماغ سوزی زیادہ کرنی پڑے گی اور وہ ایک سیر علم پائے گا تو پاؤ بھر جتنا فائدہ ہوگا لیکن ہوگا ضرور اور اس امید بھی کی جا سکتی ہے کہ آگے چل کر اس کا دماغ کھل جائے اور وہ ایک ذہین بچہ بن جائے۔

بچوں کی حالتیں وقتاً فوقتاً بدلتی رہتی ہیں، ممکن ہے کہ جو بچہ بچپن میں غبی ذہن ہو وہ آگے چل کر بے حد ذہین بن جائے اور ذہین بچہ ایک دم غبی ذہن بن جائے لہٰذا نا امید ہو کر بچے کی تعلیم کو موقوف نہیں کرنا چاہیے۔

☆ ☆ ☆

ا یل فل ای گندی رسم

از　محمد عظیم قاسمی　آ دی

مغرب کی تقلید کے ا ق نے ہمارے معاشرے میں جن ائیوں اور جس طرح کے رسم ورواج کو جنم د اس میں سے بعض رسومات ا ہیں جو شمار گناہوں مشتمل ہیں ان میں سے ای رسم ''ا یل فل'' کی ہے، جو جھوٹ دھوکہ، فری دغا، اور ای ا رسانی کے علاوہ بہت سے جا اور گناہ کبیرہ مشتمل ہے۔ مغربیت کی تقلید کی رو میں سوچے سمجھے بہہ جانے کا شوق جن لوگوں کو دامن گیر ہے ا ں نے اس م اور گندی رسم کو ے شوق سے قبول کیا۔ اس رسم کے نظر پہلی ا یل کو جھوٹ ل کر لوگوں کو دھوکہ دینا، وقوف بن خو اور ا کمال تصور کیا جا ہے جتنی چالاکی رت اور جتنی صفائی کے ساتھ جھوٹ ل کر دوسرے کو جتنا ا دھوکہ و فری دے لے اتنا ہی کمال اور ا یل فل سے لطف ا وز ہونے والا شمار کیا جا ہے۔ اور مذ اقی کی حد یہ کہ اس گناہ بلکہ مجموعہ گناہ کو مذاق سے تعبیر کیا جا ہے، جو خود ای گناہ ہے اور جو جانے کتنے انسانوں کے لیے ہلا کا سب اور مالی نقصان کا بنتا ہے۔

ا انسان سنجیدگی سے غور کرے تو اس سے اجتناب اور اس کے ک کر دینے کے لیے اس اس مذاق کا صرف ای یعنی ''کذب'' کی شنا وقبا ہی کافی ہے جس کے رے میں خود فرمان نبوی ہے ''الصِّدْقُ يُنْجِيْ وَالْكِذْبُ يُهْلِكُ'' کہ سچ نا فوز و ح کا جس میں انسان کی کامیا سربلندی وسرفرازی مضمر ہے اور اس کے لمقابل جھوٹ انسان کی ہلا اور د وآ ت کی رسوائی کا ہے۔ ای موقع سرکار دو عالم نے ارشاد فرمایا ''اَلصِّدْقُ طَمَانِيَةٌ وَالْكِذْبُ رِيْبَةٌ'' کہ سچ اطمینان کا جبکہ جھوٹ اطمینانی و قراری کا مو ب ہے۔ اس حقیقت سے بھی کوئی شخص آشنا ہے کہ را ز انسان ہمیشہ قابل اعتماد ہو ہے، جبکہ جھوٹ کا سہارا لینے والا خلجان و لمش کا شکار ہو ہے۔ مسند احمد کی ای روای میں ہے

”اَلْکِذْبُ یَنْقُصُ الرِّزْقَ“ کہ جھوٹ بولنا رزق کو کم کردیتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جھوٹے آدمی سے انسان معاملات و معاہدہ کرنے میں اجتناب کرتا ہے جو انسان کے رزق کا سبب اور ذریعہ معاش ہے۔ نیز جھوٹ بولنے کی وجہ سے ہر وقت بے اطمینانی رہتی ہے جو چہرے کی ایمانی رونق کو بھی ختم کردیتا ہے اسی لیے بیہقی کی ایک حدیث میں ”اَلْکِذْبُ لَیَسَوِّدُ الْوَجْہ“ کہا گیا ہے کہ جھوٹ چہرے کو بے رونق کردیتا ہے، کیونکہ جھوٹے کے چہرے پر ہوائیاں اڑتی ہیں اور ایک جھوٹ کو مدلل کرنے کے لیے سو جھوٹ کا سہارا لینا پڑتا ہے، نیز جس سے جھوٹ بولا اس کا سامنا کرنے سے حیاء وشرمندگی کی وجہ سے جھوٹ بولنے والے کا چہرہ بھی بے رونق ہوجاتا ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ۔ جب کوئی انسان جھوٹ بولتا ہے تو اس کے منہ سے ایسی بدبو آتی ہے کہ فرشتہ اس کی بدبو سے ایک میل دور بھاگتا ہے یہ تو ایک برائی اور گناہ ہے نبی کریم ﷺ نے بطور مثال جس کا ذکر کرہ فرمایا ورنہ تو ہر گناہ و جرم کے ارتکاب سے ایسی بدبو پھیلتی ہے کہ اللہ کی پاکیزہ اور مقدس مخلوق یعنی فرشتے اس کی بدبو اور عفونت سے میلوں دور بھاگتے اور نفرت کرتے ہیں اسی وجہ سے حدیث پاک کے اندر جھوٹوں کو ملعون قرار دیا گیا ہے۔

غور کیجئے کہ ایک گناہ کی نحوست اور اسکا ثمرہ ونتیجہ یہ ہے تو اس گناہ کا کیا حال ہوگا جو بیک وقت جھوٹ دھوکہ فریب اور ایذاء مسلم کا مجموعہ ہو اور اس کا ارتکاب کرنے والا کتنا بڑا اور دو ملعون ٹھہرے گا، سرکار دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ”وہ شخص ملعون ہے جو کسی مومن کو دھوکہ دیئے اور مکر وفریب سے اس کو مصیبت و پریشانی میں مبتلا کرے“۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ چار طرح کے لوگوں سے علم حاصل نہ کرو ان میں سے ایک جھوٹ بولنے والا بھی ہے۔ جھوٹ بولنا منافق کی علامت قرار دیا گیا ہے، اور جھوٹ بولنے والا ہمیشہ ہمیش کے لیے ناقابل اعتماد اور غیر معتبر ہوجاتا ہے پھر اس کی سچی و سچی بات بھی جھوٹ کے زمرے میں شمار کی جانے لگتی ہے۔ دینی تو دینی دنیوی امور بھی اس کی رائے اور اس کی بے توجہی کا شکار ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس رسم کی انجام دہی بعض اوقات جانی و مالی نقصان اور ذہنی الجھن میں بھی طرح مبتلا کردیتی ہے اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ”مذاق“ کا ایک جھوٹ کس کس طرح کی اور کتنی برائیوں کو جنم دیتا ہے اور اس رسم کے کسی بھی پہلو سے کسی بھی طرح کا کوئی خیر تلاش نہیں کیا جاسکتا۔

رہی یہ بات کہ اس رسم کی ایجاد اور ابتداء کیسے اور کہاں سے ہوئی؟ اس سلسلے میں مؤرخین

کے بیانات مختلف ہیں۔ حضرت مولانا تقی عثمانی صاحب نے لکھا ہے کہ بعض مصنّفین کے بیان کے مطابق فرانس میں سترھویں صدی سے پہلے سال کا آغاز جنوری کے بجائے اپریل سے ہوا کرتا تھا اس مہینے کو رومی لوگ اپنی وینس(Venus) کی طرف منسوب کرکے مقدس سمجھا کرتے تھے۔ اس لیے سال کی پہلی تاریخ اور دیوی کے تقدس کے ساتھ وابستہ ہونے کی وجہ سے اس دن خوشی ومسرت کا اظہار کیا کرتے تھے اور ہنسی مذاق بھی ان کی مسرت کا ایک حصہ تھا جو آہستہ آہستہ ترقی کرکے اپریل فول کی شکل اختیار کرگیا۔ اس رسم کی ایجاد کے تعلق سے ایک بات یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ اس مسرت وخوشی کے دن لوگ ایک دوسرے کو تحفے وتحائف دیا کرتے تھے ایک مرتبہ کسی نے تحفہ کے نام پر مذاق کیا بعد میں دوسروں نے اس کو رسم کی شکل میں رواج دیا۔

ایک وجہ یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ دراصل یہودیوں اور عیسائیوں کے نزدیک یکم اپریل کو رومیوں اور یہودیوں کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو استہزاء و مذاق کا مختلف انداز وشکل سے نشانہ بنایا جاتا، اس لیے اپریل فول کی رسم اس شرمناک واقعے کو یادگار کے طور پر منانے کے لیے اپریل فول کی رسم منائی جاتی ہے۔

غرض اس رسم کی ایجاد چاہے کسی دیوی کی طرف منسوب ہو یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا استہزاء و مذاق اس کی بنیاد ہو یا پھر توہم پرستی یا کسی گستاخانہ نظریے یا واقعے سے جڑا ہوا ہو، یہ بات یقین کے درجے میں کہی جاسکتی ہے کہ یہ عیسائیوں اور یہودیوں کی ایجاد ہے جو ہماری مشرقی تہذیب نے مغربیت کی تقلید میں بلاسوچے سمجھے اس کو اپنایا اگرچہ ہمارے مسلم معاشرے میں الحمدللہ اس کا چلن ورواج بہت عام نہیں، لیکن ہر سال دوچار واقعات کے ظہور سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اقوال رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے آئینے میں، محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دم بھرنے والوں کو خود غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ”اپریل فول“ کی رسم ایک ’مذاق‘ ہے جو اپنایا جائے یا گناہ وجرم ہے جسے ترک کردیا جائے۔

❊ ❊ ❊

خوش خبری

مفتی اعظم عارف باللہ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانیؒ مفتی اوّل دارالعلوم دیوبند کے فتاویٰ کی بارہ جلد جن کو حضرت مولانا مفتی ظفیر الدین صاحب نے مرتب کیا ہے، ایک مدت سے شائع ہورہی ہیں، ان بارہ جلدوں میں کتاب الطہارت سے کتاب اللقطہ تک کے مسائل ہیں، کتاب اللقطہ سے آگے ترتیب کا کام کافی دنوں سے موقوف تھا —— اب بحمد اللہ فتاویٰ دارالعلوم کی تیرہویں جلد شاندار طباعت، مضبوط جلد اور عمدہ کاغذ پر طبع ہوکر آچکی ہے جس میں شرکت و بٹوارہ، مضاربت اور وقف کے اہم مسائل ہیں، اس جلد کو حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری استاذ حدیث وفقہ دارالعلوم دیوبند نے عمدہ ترتیب اور نئے اسلوب کے ساتھ مرتب فرمایا ہے۔ اور حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری شیخ الحدیث وصدر المدرسین دارالعلوم دیوبند نے از اوّل تا آخر اس کو بغور دیکھا ہے اس جلد کی تصحیح کا پورا اہتمام کیا گیا ہے۔ اور جو فتاویٰ عربی یا فارسی زبان میں تھے ان کا اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے اور غیر معروف الفاظ کی بین القوسین یا حاشیہ میں مختصر وضاحت کی گئی ہے تاکہ عام قارئین مفتی صاحب کے فتاویٰ سے کامل استفادہ کرسکیں، اور تمام فتاویٰ کو عناوین اور علامات ترقیم سے مزین کیا گیا ہے اور حسب ساخت حاشیہ میں حوالے درج کیے گئے ہیں۔

علاوہ ازیں اس جلد کی اور بھی خوبیاں ہیں جو دیکھنے اور پڑھنے سے تعلق رکھتی ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کے علم وعمل میں اضافہ فرمائے اور دارالعلوم دیوبند کے فیض کو عام وتام فرمائے۔

آمین یارب العالمین۔

تعداد فتاویٰ 902　　تعداد صفحات 544　　قیمت =/85

ملنے کا پتہ: مکتبہ دارالعلوم دیوبند